مغرب میں مطالعہ قرآن میں بڑھتی ہوئی دلچسپی

ایک طرف ناین الیون اور ڈنمارک اور بعض یورپین ممالک میں رسول اللہ کے توہین آمیز کارٹونوں کی اشاعت نے پوری دنیا میں ہل چل مچادی ہے تو دوسری طرف اس کے بعد مطالعہ اسلام سے دل چسپی اور شغف میں بھی اضافہ ہورہا ہے۔ فرانس کے نیشنل سینٹر برائے کتب کا یہ تازہ انکشاف اس کی بین مثال ہے، جس میں بتایا گیا ہے کہ فرانس میں فروخت شدہ سو کتابوں میں ۳۸ قرآن مجید کے ترجمے ہیں، قرآن کا فرانسیسی ترجمہ جان بیرک کا کیا ہوا ہے جو بہت گراں ہونے کے باوجود سب سے زیادہ فروخت ہوا، محض پچھلے ایک ہفتہ میں ۶۰ ہزار نسخے فروخت کیے گئے۔

(ماہنامہ معارف اعظم گڑھ، مئی ۲۰۰۶ء)

یونانی زبان میں قرآن کریم کا ترجمہ

اتھنس: (رینا) عرب یونانی ثقافت کے فروغ کے لیے قائم کی گئی، اتھنس (Athens) کی ایک تنظیم (الرابطه اليونانية العربية) کے ثقافتی مشیر ڈاکٹر علی نور نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ ان کی تنظیم قرآن کریم کا یونانی زبان میں ترجمہ شائع کررہی ہے اور اس ترجمہ کا مقصد یونانیوں میں قرآنی تعلیمات کا فروغ اور بعض ان ترجموں کو الگ تھلگ کردینا ہے جو قرآنی مفاہیم کو مسخ کرکے پیش کرتے ہیں۔

انہوں نے کہا کہ یہ ترجمہ دس سال کی مدت میں مکمل ہوا ہے اور اس کو ازہر شریف (مصر) اور یونان کے معتبر علماء کی مراجعت کے بعد شائع کیا جارہا ہے۔ یہ ترجمہ یونانی عوام کے درمیان بلا معاوضہ تقسیم کیا جائے گا۔

(رابطہ اسلامک نیوز ایجنسی (رینا) (۲۵ جون تا یکم جولائی ۲۰۰۶ء)